New York State
Emergency Rental Assistance Program

نیو یارک اسٹیٹ کرائے کی ایمرجنسی معاونت کا پروگرام (ERAP) کرایہ کے بقایاجات، کرایہ کی عارضی معاونت اور یوٹیلٹی کے بقایاجات میں معاونت فراہم کر کے بے گھری یا رہائش کے عدم استحکام کے خطرے سے دوچار کم اور متوسط آمدنی والے گھرانوں کی مدد کرنے کے لیے خاطر خواہ معاشی اعانت فراہم کرے گا۔ مزید معلومات کے لیے، otda.ny.gov/erap ملاحظہ کریں۔

نیو یارک اسٹیٹ کے رہائشی مندرجہ ذیل صورتوں میں ERAP کرائے کی معاونت کے لیے اہل ہیں:

- گھرانے کی کُل آمدنی ان کے علاقے کی اوسط آمدنی (AMI) کے 80 فیصد پر یا اس سے کم ہے۔ آمدنی کی یہ حدود کاؤنٹی اور گھرانے کے سائز کے لحاظ سے مختلف ہیں۔ گھرانہ 80 فیصد AMI یا اس سے کم موجودہ آمدنی یا تقویمی سال 2020 کی آمدنی کی بنیاد پر اہل قرار پا سکتا ہے۔

اور

- 13 مارچ، 2020 کو یا اس کے بعد، گھرانے کے کسی ممبر کو بالواسطہ یا بلاواسطہ COVID-19 کی عالمی وبا کے باعث بیروزگاری کی مراعات موصول ہوئی ہیں **یا** آمدنی میں کمی کا سامنا ہوا ہے یا پھر خاطر خواہ اخراجات یا مالی مشکلات کا سامنا ہوا ہے۔

اور

- درخواست دہندہ پر اپنی بنیادی رہائش کا کرایہ ادا کرنے کی ذمہ داری ہے اور 13 مارچ، 2020 کو یا اس کے بعد اپنی موجودہ رہائش کے لیے کرایہ کے بقایاجات ہیں (کرایہ واجب الادا ہے)۔

کرایہ کے بقایاجات کے لیے اہل گھرانے اسی کرایہ کے یونٹ کے لیے یوٹیلٹی کے بقایاجات ادا کرنے میں مدد حاصل کرنے کے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔

ادائیگیاں کرایہ دار کی طرف سے براہ راست مالک مکان/پراپرٹی کے مالک اور یوٹیلٹی کمپنی کو کی جائیں گی۔ کرایہ دار درخواست دہندگان کو ان کی طرف سے ادا کی جانے والی رقوم کے بارے میں مطلع کیا جائے گا۔ اگر کسی مالک مکان کو تلاش کرنا مشکل ہو یا وہ درخواست مکمل کرنے کے لیے درکار معلومات فراہم نہ کرے تو رقوم 180 دن تک روک کر رکھی جائیں گی تاکہ مالک مکان کو تلاش کرنے اور مطلوبہ معلومات حاصل کرنے کے لیے نیز کرایہ دار کی حفاظتیں فراہم کرنے اور مالک مکان کی شرکت کو بڑھانے کے لیے کافی وقت دیا جا سکے۔

NEW YORK STATE | Office of Temporary and Disability Assistance